© rasailojaraid.com

میں صرف ایک مضمون ہے۔ تیسرا باب "توجہ اور خود توجہی" چوتھا باب "تنویم کی معالجاتی حیثیت" پانچواں "شخصی یا ذاتی مقناطیسیت" چھٹا "تنویم کے عملی طریقے" پر ہے۔ ساتویں باب میں متفرق مضامین ہیں۔ ان میں "عامل و معمول" مولانا عبدالماجد دریابادی۔ "ول پاور" خواجہ حسن نظامی "تنویم مقناطیسی اور قدیم تاریخ" مولوی محمد کامل صاحب لکھنو۔ بہت آسان اور دلچسپ ہیں آٹھویں باب میں چند واقعات و مشاہدات کا تذکرہ ہے۔ پھر نواں باب اصل موضوع کی خشکی دور کرنے کے لیے نظموں اور افسانوں کے لیے مخصوص ہے لیکن یہ نظمیں اور افسانے بھی اسی موضوع پر ہیں۔ پورے نمبر کو پڑھنے کے بعد بے خوف تردید کہا جاسکتا ہے کہ ہمدرد صحت کے سابق خاص نمبروں کی طرح یہ نمبر بھی روحانی علاج سے متعلق ایک اچھی خاصی انسائکلوپیڈیا ہے۔ جو مشرق و مغرب کے مشہور ارباب فن کی مدد سے نہایت محنت و کاوش سے مرتب کی گئی ہے اور جس میں نظری و عملی حیثیت سے بحث کا کوئی گوشہ ایسا نہیں ہے جو تشنہ رہ گیا ہو۔ قوی امید ہے کہ اہل ذوق اس نمبر کی قدر کرکے فاضل اڈیٹر و مالک کو ان کی محنت کی داد دینگے۔ کہ وہ دن دونی رات چوگنی طب یونانی اور علم و فن کی بہترین خدمات انجام دے سکیں۔ ۱۲ اریں بہترین و کارآمد معلومات کا اتنا بڑا ذخیرہ بہت ارزاں ہے۔ اس موقع سے فائدہ اٹھانا چاہئے۔

مضامین محمد علی حصہ دوم۔ تقطیع خورد ضخامت ۴۸۳ کتابت و طباعت بہتر مجلد، ڈسٹ کور خوبصورت عہ/ پتہ :- مکتبہ جامعہ دہلی، نئی دہلی، لاہور۔

مولانا محمد علی مرحوم کے اردو مضامین کا ایک مجموعہ اس سے پہلے شائع ہوچکا ہے۔ اب اسی مجموعہ کا دوسرا حصہ بھی ہمیں بغرض تبصرہ موصول ہوا ہے۔ شروع میں فاضل مرتب محمد سرور صاحب استاذ جامعہ ملیہ اسلامیہ دہلی نے ایک طویل مقدمہ لکھا ہے جس میں مولانا محمد علی مرحوم کے سیاسی کارناموں اور ان کے عہد کی سیاسی سرگرمیوں پر مختصر تبصرہ ہے۔ دیباچہ کے بعد سے مولانا محمد علی

© rasailojaraid.com